**اسلام میں خواتین کا کردار** مصنف: عاصم نعمانی - ناشر: حرا پبلی کیشنز، اردو بازار، لاہور- صفحات: ۱۰۰ - قیمت: ۱۸/- روپے

اس کتابچے میں عورت کی حیثیت، اُس کے حقوق اور اس کی ذمہ داریوں کے بارے میں قرآن وحدیث کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔ ضمنی طور پر عورت کے دائرۂ کار، تعددِ ازدواج، امہات المومنینؓ، حضورؐ کی صاحبزادیوں، مسئلہ طلاق، خُلع اور لونڈیوں کے بارے میں بھی کچھ مباحث درج کیے گئے ہیں۔ آخر میں پردے اور حجاب کے احکام بھی بیان کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ کلامِ اقبالؒ کے حوالے سے بھی عورت کے تصور کو اُجاگر کیا گیا ہے۔

دعوتِ دین کے فطری اور سیدھے سادے اُسلوب میں تمام موضوعات کو بیان کیا گیا ہے۔ اور بہت مفید معلومات اور احکامِ دین تحریر کیے گئے ہیں۔

اچھی لکھائی چھپائی اور بہت خوبصورت ٹائیٹل سے یہ کتابچہ مزین ہے۔ اور پیپر بیک میں ہے۔

---

**اسلام پر اعتراضات کا علمی جائزہ** از جناب محمد موسیٰ بھٹو - ناشر: سندھ نیشنل اکیڈمی - پوسٹ بکس نمبر ۲۵۸ - حیدر آباد - قیمت: ۲۵/- روپے۔

اہلِ تخریب کا ہمیشہ سے یہ مسلک رہا ہے کہ وہ وحدت کو کاٹتے ہیں۔ مسلمات کے خلاف لڑائی لڑتے ہیں، شکوک اُبھارتے ہیں۔ اور اعتماد کو ختم کرتے ہیں۔ جی ایم سیّد جیسے بزرگ سے اتنی پست ذہنیت کی توقع تو نہیں کی جا سکتی۔ جی ایم سیّد نے برسوں سے سندھ میں پاکستان کے خلاف ہی نہیں، خود اسلام کے خلاف جنگ چھیڑ رکھی ہے۔ اسی فضا میں سندھ کا کلہاڑی ازم برآمد ہوا۔ اور اب وہ کلاشنکوف ازم میں ڈھل کر انسانیت کے سینے پر ناچ رہا ہے۔ خیر مدعا یہ کہ جی ایم سیّد نے اسلام کے نہ صرف عقائد، اُصولوں، حرام حلال کی حدود، قومیت کے تصورات اور ہر چیز

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے خلاف اعتراضات اور حملوں کی جو جنگ چھیڑ رکھی تھی، اُس کا دلیل سے جواب
اپنی مختصر کتاب میں محمد موسیٰ بھٹو صاحب نے دیا ہے۔ کتاب میں عنوان بہ عنوان ان
کی چھیڑی ہوئی بحثیں مختصر ہونے کے باوجود مفید اور مؤثر ہیں۔

---

**نقوشِ سیرت** | از جناب حکیم محمد سعید۔ ہمدرد فاؤنڈیشن پریس۔ ناظم آباد کراچی۔

پانچ مختصر کتابوں کا سیٹ ایک ڈبے میں بند۔ قیمت فی کتاب ۵/- روپے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ پاک کے متعلق حسب ذیل عنوانات پر یہ کتاب
لکھی گئی ہے۔ ۱۔ سب کے پیارے ۲۔ اللہ سے محبت ۳۔ اچھے اخلاق ۴۔ صحابہؓ
کی تربیت ۵۔ مبارک ہستی۔

معلومات مستند، زبان سلیس و پاکیزہ، مقصد عوام، خصوصاً بچوں کی ذہنی و اخلاقی
تربیت۔ یہ سیٹ پڑھنے کے علاوہ احباب، عزیز، خواتین اور بچوں کو بطور تحفہ یا انعام
دینے کے لیے بہت موزوں ہے۔

---

**عصرِ حاضر اور اسلام کا نظامِ قانون** | از ڈاکٹر محمد امین۔ ناشر: ادارہ ترجمان القرآن
(پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور۔ کمپیوٹری طباعت۔ صفحات: ۲۷۳۔ قیمت ۶۰/- روپے

یہ موضوع ڈاکٹر صاحب کا خاص میدانِ تگ و تاز ہے۔ ان کے اس جامع مقالے
میں مفید معلومات بھی ہیں۔ ص ۶ پر شریعت اور فقہ کی تفریق کا جو قصہ انہوں نے چھیڑا
ہے، اس کا ایک جز حقیقت کے قریب ہے، مگر دوسری طرف حضورؐ کا یہ ارشاد کہ من
اطاع امیری فقد اطاعنی ومن اطاعنی فقد اطاع اللہ۔ اگر پوری
طرح نگاہوں میں رہے تو نظمِ قانون کی CHAIN مکمل ہو جاتی ہے۔ ورنہ نظام
اگر چل رہا ہو تو کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں نصوص کو تو مانوں گا، مگر اس کی تعبیرات کو
نہیں، نیز کسی خلیفۂ راشد یا اس کی مجلس شوریٰ یا اس کے عاملوں یا ان کے ججوں کے
اجتہادات یا تفقہات کو قبول نہیں کروں۔ جی نہیں، آپ کو ٹریفک رولز اور ریگو

© rasailojaraid.com